دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (تاریخ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

## PhD (History) Entrance Test - 2023

## Question paper cum Answer script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے
نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

For Office Use


# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی


## پی ایچ ڈی (تاریخ) انٹرنس امتحان ۔ 2023


## PhD (History) Entrance Test - 2023

## Question paper cum Answer script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض


## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کا (1) صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔ حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

## (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ گریک تاریخ نویسی سے متعلق غلط جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) مشہور تاریخ داں ہیروڈوٹس کا تعلق گریک تاریخ نویسی سے تھا

(B) ہیروڈوٹس کی تاریخ سے Greek Persian تنازعہ کے بارے میں معلوم ہوتا ہے۔

(C) ہیروڈوٹس کے بعد ٹیسی ٹس (Tacitus) گریک تاریخ نویسی کا بڑا تاریخ داں مانا جاتا ہے

(D) The Peloponnesian War بھی گریک تاریخ داں تھوسی ڈائڈس Thucydides کی تخلیق ہے

2۔ غلط جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) البیرونی کا تعلق محمد غوری کے دربار سے تھا

(B) البیرونی کی تصنیف 'کتاب الہند' علم سماجیات کے لیے بھی اہم ماخذ کے طور پر دیکھی جاتی ہے

(C) البیرونی نے ہندوستان کے برہمنوں کی تعریف کی ہے تو دوسری طرف انہیں اپنی تنقید کا بھی نشانہ بنایا ہے

(D) البیرونی نے سنسکرت زبان سیکھی اور برہمنوں سے ہندو مذہب کی بنیادی تعلیمات اخذ کی

3۔ دہلی سلطنت کے سید خاندان کو جاننے کے لیے سب سے اہم ماخذ ہے۔

(A) تاریخ فیروز شاہی     (B) مرآۃ احمدی

(C) تاریخ مبارک شاہی     (D) تاریخ شیر شاہی

4۔ عبدالقادر بدایونی کی تاریخ نویسی سے متعلق ان میں سے کون سی بات درست نہیں ہے۔

(A) عبدالقادر بدایونی کی تصنیف منتخب التواریخ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اکبر کے مذہبی نظریات کے خلاف تھا

(B) شیخ مبارک عبدالقادر بدایونی کے استاد تھے

(C) عبدالقادر بدایونی نے اپنی دوسری کتاب تذکرۃ الامراء میں اکبر کے دور کے امراء کا ذکر کیا ہے

(D) عبدالقادر بدایونی نے اخلاق کے موضوع پر نجات الرشید کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی

5۔ کتابوں کو ان کے مصنف کے ساتھ ملائیں۔

I. تاریخ شیر شاہی     A. بھیم سین

II. ماثر عالمگیری     B. عباس خاں شیروانی

III. نسخہ دلکشا     C. ساقی مستعد خاں

IV. تذکرۃ الواقعات     D. جوہر آفتاب چی

(A) I-D, II-C, III-A, IV-B     (B) I-B, II-C, III-A, IV-D

(C) I-C, II-B, III-D, IV-A     (D) I-A, II-D, III-C IV-B

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی تصنیف بہمنی سلطنت اور ان کی جانشین ریاستوں (Successor States) کے لئے اہم ماخذ نہیں ہے۔

(A) گلشن ابراہیمی (B) تذکرۃ الملوک

(C) فتوح السلاطین (D) تاریخ مبارک شاہی

7۔ ترتیب سے لگائیں (پہلے سے بعد میں)

I. NBPW

II. PGW

III. Black & Red Ware

IV. Ochre Coloured Pottery Culture

(A) II, III, IV, I (B) (B) IV, III, II, I

(C) I, II, III, IV (D) IV, I, II, III

8۔ Positivist تاریخ نویسی کے بنیادی اصولوں کے حوالے سے غلط جواب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) Enlightenment Rationality (B) Supremacy of Science

(C) Empirical Basis of Knowledge (D) Linguistic Turn

9۔ صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(i) Positivist تاریخ نویسی کے مطابق مورخ کی ذمہ داری یہ ہے کہ ماضی کا مطالعہ کر کے ماضی کی حقیقت کو ہو بہو بغیر کسی جانبداری کے بیان کرے۔

(ii) Post Modernism ان نظریات کا مجموعہ ہے جو سب سے پہلے فنون لطیفہ، ادب اور فن تعمیر میں استعمال ہوئے۔ ان نظریات کا استعمال سماجی علوم میں بعد میں شروع ہوا۔

(iii) کارل مارکس نے اپنے تاریخی نظریات سب سے پہلی اپنی کتاب Das Capital میں بیان کیے۔

(iv) Ranke جدید تاریخ نویسی کے بنیادی اصولوں کے بانی تسلیم کیے جاتے ہیں۔

(A) I, II, IV (B) I, II, III

(C) I, III, IV (D) I, II, III, IV

10۔ ملائیں۔

| | |
|---|---|
| I. James Mill | A. The History of British India |
| II. Mountstuart Elphinstone | B. History of India |
| III. V.A. Smith | C. The Early History of India |
| IV. W.H. Moreland | D. India at the Death of Akbar |

(A) I-C, II-A, III-B, IV-D (B) I-A, II-C, III-B, IV-D

(C) I-B, II-A, III-C, IV-D (D) I-A, II-B, III-C, IV-D

11۔ ''تاریخ اور ادب میں کوئی بنیادی فرق نہیں ہے کیونکہ تاریخی بیانیہ ادب سے گہری مناسبت رکھتا ہے''۔ یہ نظریہ کس مورخ سے منسوب ہے۔

(A) Jacques Derrida (B) Keith Jenkins

(C) Michel Foucault (D) Hayden White

12۔ عربی تاریخ نویسی کے حوالے سے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(i) عربی تاریخ نویسی میں اسناد کا استعمال ہوتا ہے۔

(ii) عربی تاریخ نویسی کی ابتدائی کتابیں ڈائجسٹ کی شکل میں لکھی گئی تھیں جن میں مختلف واقعات کو اسناد کی بنیاد پر جمع کر دیا گیا تھا۔

(iii) ابن جریر طبری سب سے پہلے عربی مورخ ہیں جنہوں نے پیغمبر کی سیرت مرتب کی تھی۔

(iv) اسناد کا استعمال عربی تاریخ نویسی میں احادیث کی ترتیب اور تدوین کے اصول سے ماخوذ ہے

(A) I, II, III, IV (B) I, II, IV

(C) I, III, IV (D) I, II, III

13۔ ہندوستانی قومیت پسند مورخین نے:

(i) نوآبادیاتی انگریز مورخین کے ذریعہ ہندوستانی تاریخ کے حوالے سے کی گئی تحقیقات اور مفروضات کو مکمل طور پر خارج کر دیا۔

(ii) نوآبادیاتی مورخین کے اس دعوی کو قبول کر لیا کہ ہندوستانی تاریخ کا قدیم دور انتہائی روشن دور تھا۔

(iii) سیاسی اور انتظامی تاریخ کے ساتھ ہندوستانی سماج کی ملی جلی وراثت (Composite Culture) جیسے موضوعات پر زیادہ توجہ دی۔

(iv) بعض ایسے تاریخی تصورات کو جگہ دی جس سے فرقہ وارانہ تاریخ نویسی کو ہوا ملی۔

(A) I, II, IV (B) I, II, III

(C) II, III, IV (D) II, III

14۔ مندرجہ ذیل میں سے کس تاریخ داں نے جدید ہندوستان کی تاریخ پر تحقیق کا کام نہیں کیا ہے۔

(A) رنجیت گوہا (B) سمت سرکار

(C) شیکھر بندوپادھیائے (D) بی پی ساہو

15۔ صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(i) Punch Marked سکے صرف چاندی ہی میں ملتے ہیں

(ii) گپت دور کے سونے کے سکوں کو دینارس کہا جاتا تھا

(iii) موریہ دور کے سکے Punch Marked تکنیک پر بنائے گئے۔

(iv) محمد غوری کے سکے پر دیوی لکشمی کی تصویر دیکھنے کو ملتی ہے۔

(A) I, II, III (B) II, IV

(C) II, III, IV (D) I, III, IV

16۔ اداروں کو ان کے مقام کے ساتھ ملائیں۔

| | |
|---|---|
| I. انڈین میوزیم | A. دہلی |
| II. باڈلین لائبریری | B. آکسفورڈ |
| III. نیشنل میوزیم | C. کولکاتا |
| IV. برٹش میوزیم | D. لندن |

(A) I-C, II-D, III-A, IV-B (B) I-B, II-A, III-C IV-D

(C) I-A, II-C, III-D, IV-B (D) I-C, II-B, III-A, IV-D

17۔ Academia.edu سے کیا مراد ہے۔
(A) یہ ایک ریسرچ ادارہ ہے جو فرانس کے شہر پیرس میں موجود ہے
(B) یہ ایک Online Platform ہے جہاں علمی مضامین اور تحقیقات Share کی جاتی ہیں۔
(C) یہ ایک ریسرچ جرنل ہے جو امریکہ کے شہر شکاگو سے شائع ہوتا ہے
(D) یہ تاریخ پر ریسرچ کا ایک بین الاقوامی Online جرنل ہے

18۔ نئی تعلیمی پالیسی (NEP) کے تحت UG اب چار سال کا ہونا قرار پایا ہے۔ مندرجہ ذیل میں کس یونیورسٹی نے چار سال کا UG 2022-23 میں شروع کر دیا ہے
(A) DU, Delhi & AMU, Aligarh
(B) DU, Delhi & BHU, Varanasi
(C) DU, Delhi & JMI, Delhi
(D) MANUU, Hyderabad & AMU, Aligarh

19۔ "Suicide : A Study in Sociology" مندرجہ ذیل میں کس کی تصنیف ہے۔
(A) Karl Marx & Engels
(B) W. F. G. Hegel
(C) Adam Smith
(D) Emile Durkheim

20۔ عہد وسطیٰ ہند میں تصوف پر تحریر کردہ پہلی فارسی کتاب کا نام بتائیے۔
(A) عوارف المعارف
(B) کشف المحجوب
(C) خیر المجالس
(D) فوائد الفواد

21۔ ان میں سے کون سی بات صنف اور جنس سے متعلق صحیح نہیں ہے
(I) صنف سماجی تخلیق ہے اور جنس قدرتی
(II) صنف قدرتی تخلیق ہے اور جنس سماجی
(III) صنف سے جڑے معانی اور تصورات بدلتے رہتے ہیں
(IV) صنف بے جان چیزوں سے بھی جڑا ہوتا ہے
(A) I,III, IV
(B) II, III, IV
(C) I, IV
(D) III, IV

22۔ مندرجہ ذیل مؤرخین کو ان کے نظریہ فکر سے ملائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| I. | رنجیت گوہا | A. | سبلٹرن |
| II. | ڈی ڈی کوسامبی | B. | جینڈر |
| III. | فرنند براول | C. | انالــس مکتبہ فکر |
| IV. | اوما چکرورتی | D. | مارکسی مکتبہ فکر |

(A) I-C, II-B, III-A, IV-D
(B) I-B, II-A, III-C IV-D
(C) I-B, II-C, III-D, IV-A
(D) I-A, II-D, III-C, IV-B

23۔ ISBN نمبر سے متعلق کون سا جواب صحیح ہے۔

(i) ISBN ایک بین الاقوامی سطح پر پبلشر کا نمبر ہے

(ii) International Standard Book Number

(iii) یہ تیرا ہندسہ Digit نمبر ہوتا ہے

(iv) ہندوستان میں پبلشر کو یہ نمبر راجہ رام موہن رائے نیشنل ایجنسی فور آئی ایس بی این کے ذریعہ دیا جاتا ہے

(A) I, II, III, IV (B) I, III, IV

(C) I, III (D) I, II, III

24۔ بے جوڑ (Odd one) کی نشاندہی کریں۔

(A) Urkund (B) Impact Factor

(C) Scopus (D) ISSN

25۔ ترتیب سے لگائیں۔(پہلے سے بعد میں)

(I) Abbreviation (II) Index

(III) Bibliography (IV) Preface

(A) I, II, IV, III (B) I, III, IV ,II

(C) I, IV, III, II (D) IV, I, II, III

## Section -II (Concerned Subject)

## (History) تاریخ

26۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ صحیح نہیں ہے۔

(A) التتمش نے اپنے مخالفین یلدوز اور قباچہ کو شکست دی

(B) غیاث الدین بلبن نے بنگال کے گورنر طغرل کی بغاوت کو ختم کیا

(C) علاقائی سلطنت جونپور محمد بن تغلق کے عہد میں ایک آزاد سلطنت کی حیثیت سے قائم ہوئی

(D) الیاس شاہ نے بنگال میں ایک آزاد سلطنت کی بنیاد ڈالی جو الیاس شاہی خاندان کے نام سے معروف ہے

27۔ مندرجہ ذیل میں سے غلط کی نشاندہی کیجیے۔

(A) اقطاع نظام کی شروعات ہندوستان میں التتمش نے کی تھی

(B) اقطاع کے ذمہ دار کو مقطع کہتے تھے

(C) فیروز شاہ تغلق نے اقطاع کو موروثی (Hereditary) بنا دیا تھا

(D) اقطاع نظام میں اقطاع دار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کیا جاتا تھا

28۔ دکن کے کس سلطان کو'ابلا بالی' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

(A) فیروز شاہ بہمنی
(B) قلی قطب شاہ
(C) علی عادل شاہ II
(D) مرتضٰی نظام شاہ

29۔ صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) شیخ احمد سرہندی اورنگ زیب کے دور کے ایک بڑے عالم تھے
(B) شیخ احمد سرہندی کو مجدد الف ثانی بھی کہا جاتا تھا
(C) امیر خسرو کا تعلق سہروردی صوفی سلسلہ سے تھا
(D) دکن کے مشہور چشتی صوفی خواجہ بندہ نوازؒ کا تعلق قطب شاہی خاندان سے تھا

30۔ گپت انتظامیہ میں ''بھکتی'' سے مراد ہے۔

(A) مذہبی ٹیکس
(B) صوبہ
(C) زمینی محصول
(D) پروہت

31۔ مغل بادشاہ اکبر کے دور میں کشمیر کس صوبے کا حصہ تھا۔

(A) کابل
(B) پنجاب
(C) دہلی
(D) لاہور

32۔ 'نور جہاں جنتا' جدید ہندوستانی مؤرخین کے درمیان ایک بحث کا موضوع بنا۔ مندرجہ ذیل میں سے کون مؤرخ اس بحث کا حصہ نہیں ہے۔

(A) بینی پرشاد
(B) جادوناتھ سرکار
(C) نورالحسن
(D) عرفان حبیب

33۔ غلط جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) چولا عہد کا مشہور دیہی انتظام (Village Administration) وجے نگر عہد میں کمزور ہو گیا
(B) وجے نگر ریاست میں علاقائی گورنر کو زیادہ طاقت دی گئی تھی
(C) وجے نگر ریاست کے علاقائی گورنر اپنے افسروں کا انتخاب خود کر سکتے تھے
(D) وجے نگر ریاست کے گورنر کو طاقتور ہونے کے باوجود کسی طرح کے نئے ٹیکس نافذ کرنے کا اختیار نہیں تھا

34۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا جوڑا صحیح نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| I. جوناگڑھ پتھر کا کتبہ | A. نہاپان |
| II. نانے گھاٹ کتبہ | B. گوتمی پتر ستکرنی |
| III. پونہ کا پر پلیٹ (Copper Plate) کتبہ | C. پربھاوتی گپتا |
| IV. رباتک کتبہ | D. کنشک |

(A) I & IV
(B) II & IV
(C) I & II
(D) II & III

35۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا لفظ قدیم ہندوستان کے ٹیکس سے متعلق نہیں ہے۔

I. اُدرنگ  II. کڈامئی  III. چھیتر  IV. ہرنیا

(A) صرف III  (B) I, II, IV

(C) II & III  (D) یہ سبھی

36۔ بے ربط جواب(Odd One) کی نشاندہی کیجیے۔

(A) کمبن  (B) ویمل سوری

(C) تلسی داس  (D) پتانجلی

37۔ مشہور شیو مندر برھادیشور (Brihadishvara) کی تعمیر کس دور میں کی گئی۔

(A) چولا  (B) چالوکیہ

(C) چیرا  (D) پانڈیا

38۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

شاہی پروہت (Royal Priest) کی اہمیت کے حوالے سے کوٹلیا کی کون سی بات صحیح ہے۔

I. پروہت کو اعلیٰ کردار کا حامل ہونا چاہیے

II. پروہت کو ویدوں کے علم کا ماہر ہونا چاہیے

III. بادشاہ کی نظر میں پروہت کی حیثیت ایک استاد کی ہونی چاہیے۔

IV. ویدوں کے ساتھ اسے پران کا بھی علم ہونا لازمی ہے

(A) I & II  (B) III, II, IV

(C) I, II, & III  (D) I, II, IV

39۔ غلط جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) اشوک کے زیادہ تر کتبات اس کے دھما سے منسلک ہیں

(B) Rock Edict I میں جانوروں کی قربانی پر پابندی کی بات ملتی ہے

(C) اشوک کے بادشاہ بننے کے دو سال بعد دھما کے کتبات ملنا شروع ہو جاتے ہیں جس کی وضاحت Pillar Edict 6 میں ملتی ہے

(D) اہمسا (Ahimsa) اشوک کے دھما کا ایک اہم موضوع ہے جو کتبات پر کثرت سے دیکھنے کو ملتا ہے

40۔ غلط جواب چنیں۔

I. Nayanar اور Alavar جنوبی ہند کی بھکتی تحریک سے وابستہ تھے

II. Nayanar وشنو بھکت تھے اور Alavar شیو بھکت

III. Periya Puranam تامل زبان میں لکھی گئی Nayanars کی زندگی کے حالات پر مشتمل ہے

IV. Periya Puranam کے مصنف کا نام Sekkilhar ہے۔

(A) I, II, III, IV  (B) I, III, IV

(C) II, III, IV  (D) I, II, III

41۔ صحیح جواب چنیں۔

I. Syadarvada Doctrine کا تعلق جین مذہب سے ہے

II. بدھ مذہب میں خدا پر ایمان ضروری ہے

III. Niyati Doctrine اجیوک مت کا ایک اہم اصول

IV. یہ سبھی جوابات صحیح ہیں

(A) I, III

(B) I, II, III

(C) II, III

(D) IV

42۔ قدیم ہندوستان کے سکوں پر کتبہ لکھنے کی شروعات کس رسم الخط میں ہوئی۔

(A) براہمی

(B) گریک

(C) کھروشٹی

(D) شاردا

43۔ مندرجہ ذیل میں کون سا نام قدیم ہندوستان کی طب سے جڑا ہوا ہے۔

I. چرک II. ششروت III. وراہمہر IV. براہم گپت

(A) I & II

(B) I & III

(C) I & IV

(D) II & IV

44۔ آزادی سے پہلے انڈین نیشنل کانگریس کا سالانہ اجلاس اکثر کس مہینے میں ہوتا تھا۔

(A) نومبر

(B) دسمبر

(C) جنوری

(D) فروری

45۔ فرائضی تحریک کا تعلق کس سے تھا۔

(A) نیل کی کھیتی سے متعلق

(B) انگریزوں کے خلاف علماء کی تحریک

(C) پنجاب کے کسانوں کی بغاوت

(D) بنگال میں دیوانی سے متعلق

46۔ نوآبادیاتی ہندوستان میں انڈین نیشنل کانگریس کی صدارت سب سے زیادہ مدت تک کس نے کی تھی۔

(A) گوپال کرشن گوکھلے

(B) جواہر لال نہرو

(C) موتی لال نہرو

(D) مولانا ابوالکلام آزاد

47۔ غلط جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) 1928 میں پہلی All Bengal Conference of Students جواہر لال نہرو کی صدارت میں ہوئی۔

(B) 1928 میں پہلی All Bengal Conference of Students سبھاش چندر بوس کی صدارت میں ہوئی۔

(C) 1928 کی بمبئی ٹکسٹائیل اسٹرائک کی قیادت کمیونسٹ پارٹی نے کی تھی

(D) 1928 میں سردار پٹیل کی قیادت میں گجرات کے کسانوں نے ٹیکس نہ دینے کی مہم چلائی۔

48۔ مندرجہ ذیل کتابوں کو ان کے مصنف کے ساتھ ملائیں۔

| | |
|---|---|
| I. دیپک کمار | A. Science and the Raj : A Study of British India |
| II. کے۔این۔پنیکر | B. Against Lord and State |
| III. بپن چندر | C. The Rise and Growth of Economic Nationalism in India |
| IV. ایس گوپال | D. Jawaharlal Nehru : A Biography |

(A) I-A, II-B, III-C, IV-D
(B) I-D, II-A, III-C, IV-B
(C) I-A, II-B, III-D, IV-C
(D) I-B, II-A, III-D IV-C

49۔ ان گورنر جنرل کو سلسلہ وار لگائیں (پہلے سے بعد میں)

i. لارڈ ز بینٹنک ii. وران ہیسٹنگ iii. لارڈ کارنوالس iv. لارڈ ویلزلی

(A) I, III, IV, II
(B) II, IV, III, I
(C) I, II, III, IV
(D) II, III, IV, I

50۔ مندرجہ ذیل یونیورسٹیز کو سن قیام کے حساب سے سلسلہ وار لگائیں (پہلے سے بعد میں)

I. علی گڑھ مسلم یونیورسٹی II. عثمانیہ یونیورسٹی III. بنارس ہندو یونیورسی IV. لکھنو یونیورسٹی

(A) IV, III, II, I
(B) III, I, II, IV
(C) III, II, I, IV
(D) I, III, II, IV

# (Part - B)Descriptive حصہ دوم
# (History) تاریخ

(4 X 5 = 20 marks) چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

## (Research Methodology)

1۔ تحریری مآخذ (Textual Sources) تاریخ لکھنے میں کس طرح کارآمد ہو سکتے ہیں۔ مثال دے کر سمجھائیں۔

2۔ تاریخ کے موضوع پر لکھی گئی کسی بھی ثانوی کتاب (Secondary Book) کا تجزیہ کریں جس کا آپ نے مطالعہ کیا ہو۔

## (Subject Concerned)

3۔ مہاتما گاندھی اور ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریات کا تقابلی مطالعہ کریں۔

4۔ تاریخ میں منتقلی (Transition) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ بحث کریں۔

**Rough Work**